## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین سے وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کی طویل ملاقات

### سیاسی صورتحال، ایم کیوایم پیپلز پارٹی تعلقات، سانحہ شیرشاہ سمیت کراچی کی صورتحال اور مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

### ملاقات میں الطاف حسین کا پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ، تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی اور گیس کی طویل لوڈشیڈنگ اور عوام کودرپیش مسائل پر گہری تشویش کا اظہار

### عوام بہت پریشان ہیں لہٰذا حکومت کوان مسائل کوحل کرنے پر سنجیدگی سے توجہ دینا چاہیے۔الطاف حسین

### ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے دوران ملاقات مخلوط حکومت کے حوالے سے ایم کیوایم کے تحفظات ایک بار پھر رحمٰن ملک کے سامنے رکھے اور بار بار کی یقین دہانیوں کے باوجود تحفظات دور نہ کئے جانے اور مسائل حل نہ ہونے پر افسوس کا اظہار کیا

### ایم کیوایم کے تمام تحفظات دور کئے جائیں گے، مسائل حل کئے جائیں گے اور ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی جمہوریت کے استحکام اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے آپس میں مل جل کر کام کریں گی۔رحمٰن ملک

### رحمٰن ملک نے ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر تعزیت کی اور شہید رہنما کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی

لندن۔۔۔ 3 نومبر 2010ء

وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے لندن میں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ایک طویل ملاقات کی۔منگل کی شام ہونیوالی اس طویل ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کے باہمی تعلقات، کراچی میں چندروز قبل پیش آنے والے سانحہ شیرشاہ سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین سے پہلے ون ٹو ون ملاقات کی اور ملکی وبین الاقوامی صورتحال پر تفصیلی گفتگو کی جس کے بعد رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی ملاقات میں شریک ہوئے۔ملاقات میں رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین کو صدر آصف زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے خیر سگالی کا پیغام دیا اور انہیں پاک امریکہ اسٹریٹیجک ڈائیلاگ، خطہ کی صورتحال، سانحہ شیرشاہ سمیت کراچی میں قیام امن کے سلسلے میں کئے جانیوالے اقدامات اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بے پناہ اضافہ، تیزی سے بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی اور گیس کی طویل لوڈشیڈنگ اور عوام کو درپیش مسائل پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام بہت پریشان ہیں لہٰذا حکومت کوان مسائل کوحل کرنے پر سنجیدگی سے توجہ دینا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں مستقل اور دیرپا امن کے قیام کیلئے لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا، اسلحہ مافیا اور بھتہ مافیا کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ہونی چاہیے اور سانحہ شیرشاہ میں ملوث تمام جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کیا جانا چاہیے اور متاثرہ دکانداروں کو فوری انصاف ملنا چاہیے۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مخلوط حکومت کے حوالے سے ایم کیوایم کے تحفظات ایک بار پھر وفاقی وزیرداخلہ کے سامنے رکھے اور بار بار کی یقین دہانیوں کے باوجود تحفظات دور نہ کئے جانے اور مسائل حل نہ ہونے پر افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر رحمٰن ملک نے یقین دلایا کہ ایم کیوایم کے تمام تحفظات دور کئے جائیں گے، مسائل حل کئے جائیں گے اور ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی جمہوریت کے استحکام اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے آپس میں مل جل کر کام کریں گی۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تحفظات اور مسائل کو پوری ہمدردی سے سننے پر وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کا شکریہ ادا کیا اور مسائل کے حل کے سلسلے میں انکے کردار کو مثبت اور بہتر قرار دیا۔انہوں نے کرپشن کے خاتمہ کے سلسلے میں رحمٰن ملک کی کوششوں کو بھی سراہا۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت اور وزیراعظم کیلئے بھی جواباً نیک جذبات کا اظہار کیا۔اس موقع پر وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین سے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر صدر مملکت اور وزیراعظم کی جانب سے تعزیت کی اور شہید رہنما کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی کراچی میں تدفین کے انتظامات کے سلسلے میں اپنی اور حکومت کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی تدفین اور سوئم کے سلسلے میں جمعرات 4 نومبر سے اتوار 7 نومبر تک ایم کیو ایم نے اپنی تمام سیاسی اور تنظیمی سرگرمیاں معطل کردی ہیں، اعلامیہ ایم کیو ایم

## جمعرات 4 نومبر کو شہید کی نماز جنازہ لندن میں ادا کی جائے گی، جمعہ کے روز میت پاکستان روانہ ہوگی اور ہفتہ کو شہداء قبرستان یسین آباد میں تدفین عمل میں لائی جائے گی

کراچی۔۔۔3،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے ایم کیو ایم کے کنوینرز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے سوئم تک جمعرات 4،نومبر سے اتوار 7 نومبر تک اپنی تمام سیاسی اور تنظیمی سرگرمیاں معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ایم کیو ایم کے اعلامیہ کے مطابق شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی نماز جنازہ کل جمعرات 4 نومبر کو لندن میں ادا کی جائے گی اور جمعہ کے روز شہید کی میت لندن سے پاکستان کیلئے روانہ کی جائے گی جو ہفتہ کو کراچی پہنچے گی جبکہ اسی دن جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں شہید کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کو شہداء قبرستان یسین آباد میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا سوئم اتوار 7 نومبر کو ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ایم کیو ایم کے اعلامیہ کے مطابق شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی تدفین اور سوئم کے سلسلے میں جمعرات 4 نومبر سے اتوار 7 نومبر تک ایم کیو ایم نے اپنی تمام سیاسی اور تنظیمی سرگرمیاں معطل کردی ہیں۔

## جیکب آباد میں سیلاب متاثرین کو طبّی امداد کی فراہمی کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت دوروزہ طبّی کیمپ کا انعقاد

جیکب آباد۔۔۔3/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت جیکب آباد میں سیلاب متاثرین کو طبّی امداد کی بروقت فراہمی کیلئے دوروزہ طبّی امدادی کیمپ لگایا گیا جس میں پیٹ، سینے کی جلن، بخار، نزلہ، کھانسی، آنکھ، ناک، کان اور جلدی بیماریوں سمیت دیگر امراض میں مبتلا سینکڑوں افراد کو علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کی گئیں۔طبّی کیمپ میں ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سے تعلق رکھنے والے مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹرز، سرجن اور اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے مریضوں کا مکمل چیک اپ کیا اور ادویات مفت فراہم کیں۔جیکب آباد کے تعلقہ میونسپل ایڈمنسٹریشن آفس میں قائم طبّی امدادی کیمپ پر صبح سے عوام کا زبردست رش دیکھنے میں آیا اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی سینکڑوں خواتین، بزرگوں اور نوجوانوں نے طبّی کیمپ پہنچ کر ایم کیو ایم کی جانب سے طبّی سہولیات اور امدادی سرگرمیوں سے استعفادہ کیا۔جیکب آباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کا طبّی میں کیمپ بدھ کی صبح سے شام تک جاری رہا اس موقع پر طبّی سہولیات سے استعفادہ کرنے والے سیلاب متاثرین نے ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی وطبّی سرگرمیوں کو سراہا اور کیمپ کے انعقادہ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور جیکب آباد زونل کمیٹی کے انچارج وارا کین نے طبّی کیمپ کا دورہ کیا اور مریضوں کو طبّی سہولیات کی فراہمی کا بغور جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے مریضوں سے فرداً فرداً ملاقات کر کے ان کے مسائل بھی معلوم کیے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مریضوں کی خیریت دریافت کی۔

## وسیم قریشی کے والد کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔3،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وسیم قریشی کے والد رفیع الدین قریشی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے وسیم قریشی سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔3نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وسیم قریشی کے والد رفیع الدین قریشی اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن شاہد مقبول صدیقی کے والد مقبول احمد ایم کیوایم دادوزون کے کارکن امجد علی کلہورو کی بہن مائی مختار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## ملتان میں معصوم بچی سپنا کو تشدد کا نشانہ بنانے والے وکیل کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سزا دی جائے،ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔3/اکتوبر 2010ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صوبہ پنجاب کے شہر ملتان میں بااثر وکیل کی جانب سے دس سالہ معصوم بچی سپنا کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنا کر شدید زخمی کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ معصوم بچی کو وکیل کی جانب سے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کا نوٹس لیا جائے۔ایک بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ ملک میں معصوم بچوں پر تشدد کے واقعات روز کا معمول بن گئے ہیں جبکہ وکیل کی جانب سے معصوم بچی پر انسانیت سوز تشدد نے انصاف کی فراہمی جیسے اہم پیشے کو پوری دنیا میں بدنام کردیا ہے جو اس پیشے پر بھی ایک سوالیہ نشان ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے شہر ملتان میں قانون کے پاسدار وکیل کی جانب سے قانون شکنی دس سالہ غریب معصوم بچی کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کا واقعہ ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ارکان قومی اسمبلی نے گورنر پنجاب سلمان تاثر اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ معصوم بچی کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے والے وکیل کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سزا دی جائے اور بچی کو انصاف فراہم کیا جائے۔

☆☆☆☆☆